21/05/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **شمیم اقبال** سے خبریں سُنئے

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموںنیز کشمیر کی ڈویژنل انتظامیہ کوتین جون کو منائے جا رہے میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں تمام تر انتظامات کی قبل از وقت تکمیل کی ہدایت دی ہے ۔ موصوف کل پولیس اور سول انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کی ایک میٹنگ کے دوران میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لے رہے تھے ۔ انہوں نے ڈویژنل کمشنروں اور ریلیف کمشنر کو آپسی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے ٹرانسپورٹ ، اقامت ، بجلی ، پانی، صحت و صفائی اور دیگر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت دی ۔

**ممبر پارلیمنٹ**

اننت ناگ راجوری کے ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف احمد نے منی سیکریٹریٹ کولگام میں پارلیمانی حلقے کی ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کوآرڈینیشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی کی میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے مرکزی معاونت والی مختلف اسکیموں اور پروجیکٹوں پر ہو رہے کام کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہیں بتایا گیا کہ منریگا کے تحت مالی سال 2024-25 میں 58 ہزار709 جاب کارڈس 26 ہزار 72 مزدوروں میں تقسیم کئے گئے ۔

**امر ناتھ یاترا**

ڈائریکٹر انفارمیشن نتیش راجورا نے شری امر ناتھ یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے پبلک ایڈرس سسٹم کی تنصیب ، عملے کی تعیناتی اور جامع میڈیا و پبلسٹی پلان مرتب کئے جانے سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقین پر زور دیا کہ وہ بغیر خلل خدمات کی فراہمی کے لئے کی تنصیب اور دیگر تشہیری مواد کی قبل از وقت چھپائی کی بھی تلقین Hoardings قمر بستہ ہو جائیں ۔ انہوں نے اشتہاری کی ۔

**Ceremony رٹریٹ**

پھر سے شروع کر رہا ہے ۔ آج Ceremony سرحد پر رٹریٹ Sadqi بی ایس ایف آج سے پنجاب میں اٹاری ، حسین والا اور رواں ماہ کی آٹھ تاریخ کو آپریشن Ceremony دیکھ سکینگے ۔ یہ رٹریٹ Ceremony سے عام لوگ باضابطہ طور پر یہ سندور کی وجہ سے معطل کر دی گئی تھی ۔

**ج**

جموں کشمیر حج کمیٹی نے حالیہ نا مساعد صورتحال کے دوران معطل کی گئی حج پروازوں کو ری- شیڈیول کیا ہے ۔ اس سلسلے میں کمیٹی کے ایگزیکیوٹیو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے تفصیلات یوں فراہم کیں ۔

**ڈپٹی کمشنر سرینگر**

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں ضلع سطح کے نارکو کوآرڈنیشن سینٹر کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس کا مقصد ضلع میں منشیات اور اس کے کاروبار نیز متاثرین کی باز آباد کاری کے اقدامات کو مضبوط کرنا تھا ۔ میٹنگ کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائی کے ساتھ ساتھ بےداری پروگراموں میں وسعت پیدا کرنے پر غور و خوض کیا گیا ۔

**سنٹرل جیل**

ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی بڈگام کی طرف سے سنٹرل جیل سرینگر میں سپریم کورٹ لیگل سروسز کمیٹی سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیاگیا ۔ اس جانکاری پروگرام کا مقصد قیدیوں کو قانونی لوازمات کے بارے میں آگا ہی فراہم کرنا تھا ۔ یہ پروگرام ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی بڈگام کے چیرمین O. P Bhagat کی نگرانی میں منعقد کیا گیا ۔

**ڈپٹی کمشنر شوپیان**

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتا نے قصبے کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ اِن پروجیکٹوں میں قصبے میں ایک نیا Vending زون ، گاگرن کے مقام پر فٹ پاتھ اور ضلع اسپتال سے متصل کار پارکنگ شامل ہے ۔ انہوں نے عمل آوری ایجنسیوں پر زور دیا کہ وہ ان پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کے لئے کام کی رفتار میں سر عت لائیں ۔

**ڈپٹی کمشنر بڈگام**

ڈپٹی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے بی کے پورہ میں نئے تحصیل آفس کی تعمیر پر ہو رہے کام کا جائزہ لینے کی غرض سے کل علاقے کا دورہ کیا ۔ انہوں نے اس موقعہ پر کام کے معیار کو یقینی بنانے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ نئی عمارت لوگوں کو انتظامی سہولیات فراہم کرنے میں ایک اہم کردار ادا کرے گی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ